
## اسلامی نظریاتی کونسل کی چندنئی مطبوعات




### CII launches report on **'Future Agenda for Change'**


An auspicious event, Round Table 'Future Agenda for Change' was organized by the Council of Islamic Ideology on 3rd February, 2009 in the Auditorium of the Council. Ambassadors from different countries accredited in Islamabad participated in this event to share their views about the problems faced by Muslims and the West. The participants noticed the problems being faced by the Muslim world and made important suggestions that will be helpful in enabling better relationship between Muslim Countries and the West.

The Council feels proud to launch an exclusive report on this roundtable titled "Future Agenda for Change".




### پاکستان میں رائج قوانین (۱۷۹۶ـ۲۰۰۶ء) کا جائزہ

پاکستان میں رائج قوانین کا قرآن وسنت کی روشنی میں جائزہ اسلامی نظریاتی کونسل کے دستوری فرائض میں شامل ہے چنانچہ اس ادارے نے یہ کام ۱۹۶۲ء میں اپنے قیام کے فوراً بعد شروع کیا۔اسلامی نظریاتی کونسل میں ہر کونسل کا تقرر تین سال کے عرصے کے لئے ہوتا ہے اور ہر کونسل اپنی مدت کے دوران جو سفارشات پیش کرتی ہے وہ سالانہ رپورٹوں کی صورت میں شائع کی جاتی ہیں اور ہر کونسل حکومت پاکستان کو اپنی سفارشات پیش کرتی رہی ہے۔اسلامی نظریاتی کونسل کی شائع کردہ رپورٹ بعنوان ''پاکستان میں رائج قوانین کا جائزہ'' فروری ۲۰۰۹ء میں شائع کی گئی۔




### قواعدوضوابط برائے تحقیق وتصنیف واشاعت

اسلامی نظریاتی کونسل نے مارچ ۲۰۰۹ء میں مذکورہ بالاعنوان سے ایک کتابچہ شائع کیا ہے۔ یہ کتابچہ خاص طور پر شعبہ تحقیق کے افسران اور ممبرانِ کونسل کے لئے تیار کیا گیا ہے۔اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی تیاری میں بہت توجہ درکار ہوتی ہے ۔ان سفارشات کو مرتب کرنے کے لئے ایک یا دو نہیں بلکہ شعبہ تحقیق سے وابستہ افسران، ممبران کونسل، ٹرانسلیشن افسران، کمپیوٹر سیکشن سے کمپوزر، ٹائپسٹ وغیرہ بھی شامل ہوتے ہیں ۔ لہذا یہ کتابچہ ان سفارشات کی تیاری کے لئے ایک مکمل گائیڈ ہے۔

### اصلاح قیدیان وجیل خانہ جات رپورٹ

'اصلاح قیدیان وجیل خانہ جات رپورٹ' اسلامی نظریاتی کونسل کی کامیاب اشاعت ہے جس میں جناب سید افضل حیدر (ممبر کونسل) کی انتھک محنت شامل ہے۔ یہ رپورٹ فروری ۲۰۰۹ء میں شائع کی گئی ہے۔اس رپورٹ میں جیلوں کے نظام میں اہم تبدیلیاں تجویز کی گئیں ہیں اور قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لئے قوانین میں ترامیم کی سفارشات بھی دی گئی ہیں۔اسلامی نظریاتی کونسل فخر محسوس کرتی ہے کہ اپنے دستوری فرائض کے مطابق جن میں ملک میں رائج قوانین کے کتاب وسنت کی روشنی میں جائزہ لینے کا عمل سب سے اہم ہے۔کونسل نے انہی قوانین سے جیل خانہ جات سے متعلق اصلاح اور اس کے متعلق قوانین میں ترامیم تجویز کرنے کے لئے مورخہ ۲۲ نومبر ۲۰۰۱ء کو جیل اصلاحات کمیٹی تشکیل دی۔اس کمیٹی کے مجموعی طور پر پانچ اجلاس ہوئے۔ اس رپورٹ میں ان تمام اجلاسوں میں دی جانے والی اہم ترین سفارشات کو جمع کیا گیا ہے ۔